H5N1 "برڈ فلو"
ڈیری آپریٹرز/ پروڈیوسرز کے لیے سفارشات

صورت حال: 2022 سے، امریکہ میں گھریلو مرغیوں، جنگلی پرندوں، بلیوں، دوسرے چھوٹے ممالیہ جانوروں اور مویشیوں مثلاً دودھ دینے والی گائیوں میں بیماری پھیلانے کی انتہائی خصوصیات کے حامل ایوین انفلوئنزا A وائرس (highly pathogenic avian influenza A, HPAI) کی اطلاعات مل رہی ہیں۔ یہ وائرس H5N1 یا "برڈ فلو" کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔

2024 میں، امریکہ میں متاثرہ گائیوں کے کچے دودھ کے ساتھ کام کرنے والے لوگوں میں H5N1 کے متعدد انفیکشن لاحق ہونے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ڈیری آپریٹرز اپنے کارکنوں میں انفیکشن کے خطرے کو کم کرنے کے لیے اقدامات کر کے اس وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد فراہم کر سکتے ہیں۔

انسانوں کے لیے ممکنہ خطرہ: "بیماری پھیلانے کی انتہائی خصوصیات کے حامل" ایوین انفلوئنزا کی اصطلاح اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ یہ وائرس پرندوں میں شدید بیماری کا سبب بنتا ہے۔ اگرچہ یہ وائرس انسانوں میں بھی شدید بیماری کا باعث بننے کی صلاحیت رکھتا ہے، لیکن امریکہ میں پھوٹنے والی حالیہ کسی بھی وباء میں ابھی تک اس کا مشاہدہ نہیں کیا گیا۔ H5N1 وائرس غیر پیسچورائزڈ دودھ یا دودھ کی مصنوعات – اور متاثرہ پرندوں اور دیگر جانوروں کے فضلے، کوڑے کرکٹ یا دیگر رطوبتوں سے آلودہ اشیاء کے ذریعے پھیل سکتا ہے۔

سفارشات میں درج ذیل شامل ہیں: فارم ورکرز اور جانوروں کی حفاظت کرنا، بیماریوں کی نگرانی کرنا اور یہ یقینی بنانا کہ اگر کوئی جانور بیمار ہو جائے، تو آپ کا فارم اس سے نمٹنے کے لیے تیار ہونا چاہیے۔

1. **یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس کافی مقدار میں ذاتی حفاظتی سامان (personal protective equipment, PPE) موجود ہو یا آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ اسے کسی قابل اعتماد ذریعہ سے کہاں سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔**
   - سفارش کردہ PPE سامان کے سپلائرز کا جائزہ لیں۔
     www.cdc.gov/bird-flu/prevention/worker-protection-ppe.html
   - اگر آپ کے پاس PPE کے بارے میں کوئی سوالات ہوں، تو اپنے مقامی محکمہ صحت سے رابطہ کریں۔
     /www.health.ny.gov/contact/contact_information
   - فارم ورکرز کو چاہیے کہ وہ بیمار جانوروں سے رابطے کے بعد اپنے کپڑے ضرور تبدیل کریں۔

2. **یقینی بنائیں کہ H5N1 سے ممکنہ طور پر متاثرہ جانوروں کے ساتھ کام کرنے والے کارکنان – اور جب وہ ایسے جانوروں کے مواد مثلا کچے دودھ کے ساتھ کام کرتے ہیں، تو اس دوران وہ موزوں نوعیت کا PPE سامان ضرور پہن کر رکھیں۔** PPE سامان میں یہ اشیاء شامل ہیں:



3. فارم ورکرز کو PPE اور دیگر حفاظتی اقدامات کے بارے میں تعلیم دیں۔

- اپنے چہرے، آنکھوں، ناک یا منہ کو چھونے سے گریز کریں۔
- ہاتھ کثرت سے دھوئیں۔
- کچا دودھ یا کچے دودھ کی مصنوعات استعمال نہ کریں۔ کچا دودھ کبھی بھی پینے کے لیے محفوظ نہیں ہوتا۔
- کپڑے تبدیل کر لیں، ڈسپوزایبل PPE کو پھینک دیں اور بیمار جانوروں سے رابطے کے بعد دوبارہ استعمال کے قابل PPE کو جراثیم سے ضرور پاک کریں۔
- اپنی سالانہ فلو ویکسین لگوائیں۔ یہ H5N1 کے خلاف حفاظت نہیں کرے گی، لیکن یہ وائرس کو انسانوں کے درمیان منتقل ہونے کی صلاحیت حاصل کرنے سے روکنے میں مدد فراہم کر سکتی ہے، جیسا کہ موسمی فلو ہو سکتا ہے۔
- پہلے ہاتھ دھوئے بغیر کھانے پینے، سگریٹ نوشی کرنے اور ویپ استعمال کرنے سے گریز کریں یا ہاتھ سے منہ کی کوئی بھی دوسری سرگرمیاں انجام نہ دیں۔ کام/جانوروں کی جگہ سے باہر کسی صاف ستھری جگہ میں وقفہ یا آرام کریں۔

4. اچھی بائیو سیکیوریٹی پر عمل کریں۔

- کھیتوں سے بیماری کو دور رکھنے اور فارم میں پھیلاؤ کو روکنے کے لیے بائیو سیکیورٹی کے طریقوں میں اضافہ کریں۔
- اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں، تو اپنے جانوروں کے ڈاکٹر، محکمہ زراعت اور مارکیٹس (Department of Agriculture and Markets, AGM) کے علاقائی ویٹرنرینین اور/یا یو ایس ڈیپارٹمنٹ آف ایگریکلچر (United States Department of Agriculture, USDA) کے ایریا ویٹرنری انچارج (Area Veterinarian In Charge) سے رابطہ کریں۔
- بیمار جانوروں کو چھونا یا رابطہ صرف ضروری اہلکاروں تک محدود رکھیں۔

5. اگر کوئی فارم ورکر کسی بیمار جانور کے ساتھ کام کرتا ہے، تو اپنے مقامی محکمہ صحت کو آگاہ کریں۔ نیز، اگر بیمار جانوروں کے ساتھ کام کرنے والے کسی فارم ورکر میں بیماری پھیل جاتی ہے، تو تب بھی ان سے رابطہ کریں۔

- انسانوں میں H5N1 انفیکشن کی نشانیوں اور علامات میں درج ذیل شامل ہو سکتی ہیں: آنکھوں کی لالی/جلن/آنکھوں سے آنسو بہنا، کھانسی، گلے کی سوزش، ناک بہنا یا بند ہونا، پٹھوں یا جسم میں درد، سر درد، تھکاوٹ، سانس لینے میں تکلیف، بخار اور اسہال۔



حالات کی تازہ ترین معلومات، اکثر پوچھے گئے سوالات کے جوابات اور حفاظتی تجاویز کے لیے:

USDA کی (Animal and Plant Health Inspection Service, APHIS) ویب صفحہ

www.aphis.usda.gov/livestock-poultry-disease/avian/avian-influenza/hpai-detections/livestock

تازہ ترین رہنمائی سے آگاہ رہنے کے لیے:

نیویارک ریاست کا محکمہ صحت (New York State Department of Health) کی ویب سائٹ

www.health.ny.gov/diseases/communicable/influenza/avian/

Cornell Cooperative Extension
Central New York Dairy, Livestock and Field Crops

NEW YORK STATE | Department of Health

7328 (Urdu)

10/24